الحکم لله والملك لله

لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ ربیع الاول ۱۳۳۶ھ مطابق ۳۰ دسمبر ۱۹۱۸ء	جلد ۳۰

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ شیام لال محرر مسٹری شیٹ	۱
۲	جرمانہ نسبت کاٹ لینے پانی بلا اجازت	۲
۳	اضافہ وعدہ بابو راج کشور صاحب	"
۴	تقرر ڈاکٹر منشی کاشتی دھر ایم بی	"
۵	تقرر منشی گوپال سرن	"
۶	رخصت سید عابد علی محرر مسکرات	"

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۰ دسمبر ۱۹۱۸ء

حسب عرضداشت بخشی صاحب فوج و سفارش میر منشی صاحب اجلاس ہمایوں شیام لال محرر مسٹری شیٹ شاہرہ وار بیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر عرضداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار معہ نقل تجویز مورخہ

۲۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۹ء بابت انسداد شکستگی پٹری انہار منسلکہ ہذا۔

نقل روبکار مورخہ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۹ء منسلکہ میں جو رقم جرمانہ سو روپیہ ماہوار تحریر ہے اسکی جگہ سو روپیہ تک کا لفظ رکھا جاوے باقی تجویز مندرجہ روبکار منظور ہے احکام معقول اطلاعی جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

ریاست رامپور واقع تاریخ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۸۹۹ء

آج کاغذات تجویز سزا مستاجران وغیرہ بجرم کاٹ لینے پانی بلا اجازت متعلقان آبپاشی ملاحظہ ہوکر روبکار صاحب چیف انجنیر بہادر مورخہ ۲۰ نومبر سنہ ۱۸۹۹ء جو بجواب کے روبکار مورخہ ۱۵ نومبر سنہ صدر کے وصول ہوا تھا سماعت کیا گیا۔ واضح ہوا کہ بعض بعض مستاجران وغیرہ نے پانی بلا اجازت کاٹ کر اپنی زراعت کی سیرابی کرلی اور دوسرے اشخاص کا حق تلف کردیا اور سپاہیان وغیرہ متعینہ اس کام کی مانعت سے کچھ اثر نہیں کیا جاتا تحقیقات اُسکی علحدہ علحدہ ہو رہی ہے وقت آنے کاغذات تحقیقات اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر اور حاکم صاحب مال سے تجویز مناسب ہوگی اب واسطے انتظام آئندہ کے تجویز سزا نسبت ایسے اشخاص کے ہونا مناسب ہے لہذا صاحب موصوف نے یہ تحریر فرمایا کہ دوسرے اشخاص کا حق غیر حق اشخاص سے ہو چکتے ہیں یعنی ایک گانوں کی آبپاشی ہو رہی ہے اور دوسرے گانوں کا حق نہیں اور وہ پانی کاٹ کر لے جاوے تو وہ شخص قابل سخت سزا کے بحالت ثبوت کے ہے اسلیے مناسب ہے کہ جو مستاجر یا کارندہ مستاجر ایسا کریں یا تمردی کریں ان سے سو روپیہ تک بطور جرمانہ ان ایام کے جو بلا اجازت بطور خود کاٹ کر پانی اپنے دیہات میں جاری رکھیں وصول کیا جاوے اور یہ زر جرمانہ فوراً بعد وصول بحق مدنی محکمہ آبپاشی جمع کیا جاوے اور جس شخص سے فوراً وصول نہو اس سے حسب قاعدہ مثل اقساط مالگذاری وصول کیا جاوے یہ سزا بمقابلہ جرم مناسب ہونا چاہیے اور علاوہ اسکے جن دیہات کا نقصان اس فعل سے ہوا ان کا معاوضہ بعد تحقیقات اُسی مستاجر سے جس کے فعل سے یہ نقصان پہونچا ہو دلایا جاوے فقط ہماری رائے میں جو تجویز صاحب چیف انجنیر بہادر نے فرمائی ہے بہت مناسب ہے لہذا بنام تحصیلداران پروانہ جات جاری ہوں کہ مضمون بالا کو آگاہ و از ذیل منادی کرا دیں اور ایک نقل اسکی واسطے درج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور ایک نقل اطلاعاً اجلاس صاحب چیف انجنیر بہادر میں مرسل ہو اصل روبکار شامل دیگر کاغذات کے رہے

دستخط نواب مدار المہام صاحب بہادر

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

حسب درخواست صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار بابو برج کشور سب ڈویزنل افسر مقرر کیے گئے ۰ دسمبر سنہ ۱۹۰۹ء سے بیس روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ اور دس روپیہ اضافہ بعہدہ سب ڈویزنل افسر فرمایا گیا۔ اب انکو ساٹھ روپیہ ماہوار تنخواہ اور بیس روپیہ ماہوار بعہدہ سب ملا کریگا۔

تقرر

۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکرٹری بہادر ڈاکٹر کشوری لال اسسٹنٹ سرجن کا استعفا منظور فرما کر ملازمت سے نام خارج کیا گیا اور تقرر ڈاکٹر منشی کو منشی دہرا یم ۔ بی۔ بجائے اسسٹنٹ سرجن بمشاہرہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

۲۱ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

حسب عرضداشت منشی بھگوت بہاری لال صاحب سپرنٹنڈنٹ انہار تقرر منشی گوپال اختر بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار بعہدہ محافظ دفتری منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء

حسب رپورٹ دیوان صاحب رخصت ششماہہ سید واجد علی محرر سکوات مشاہرہ ۲۸ چودہ روپیہ ماہوار بعوض مہابیر پرشاد خدمتگاری جانکی پرشاد نزدات نولیس منظور فرمائی گئی نصف تنخواہ رخصتی وعوضی کو ملا کرے گی۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور